النبا

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱	یہ لوگ کس چیز کی نسبت ایکدوسرے سے پوچھتے ہیں؟
۲	کیا اس بڑی خبر کی نسبت؟
۳	جس میں یہ اختلاف کر رہے ہیں۔
۴	دیکھو یہ عنقریب جان لیں گے۔
۵	پھر دیکھو یہ عنقریب جان لیں گے۔
۶	کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہیں بنایا؟
۷	اور پہاڑوں کو اس کی میخیں نہیں ٹھہرایا؟
۸	اور ہم نے تم کو جوڑا جوڑا پیدا کیا۔
۹	اور نیند کو تمہارے لئے موجب آرام بنایا۔
۱۰	اور رات کو پردہ مقرر کیا۔
۱۱	اور دن کو معاش کا وقت قرار دیا۔
۱۲	اور تمہارے اوپر سات مضبوط آسمان بنائے۔
۱۳	اور آفتاب کا روشن چراغ بنایا۔
۱۴	اور نچڑتے بادلوں سے موسلا دھار مینہ برسایا۔

۱۵	تاکہ ہم اس سے اناج اور نباتات پیدا کریں۔
۱۶	اور گھنے گھنے باغ۔
۱۷	بیشک فیصلے کا دن مقرر ہے۔
۱۸	جس دن صور پھونکا جائے گا تو تم لوگ فوج در فوج آموجود ہو گے۔
۱۹	اور آسمان کھولا جائے گا تو اس میں دروازے ہو جائیں گے۔
۲۰	اور پہاڑ چلائے جائیں گے تو وہ ریت ہو کر رہ جائیں گے۔
۲۱	بیشک دوزخ گھات میں ہے۔
۲۲	یعنی سرکشوں کیلئے کہ انکا وہی ٹھکانہ ہے۔
۲۳	اس میں وہ صدیوں پڑے رہیں گے۔
۲۴	وہاں نہ ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے نہ کچھ پینا نصیب ہو گا۔
۲۵	مگر کھولتا پانی اور بدبودار پیپ۔
۲۶	یہ بدلہ ہے انکے اعمال کے موافق۔
۲۷	یہ لوگ حساب آخرت کی امید ہی نہیں رکھتے تھے۔
۲۸	اور ہماری آیتوں کو مسلسل جھٹلاتے رہتے تھے۔
۲۹	اور ہم نے ہر چیز کو لکھ کر محفوظ کر رکھا ہے۔
۳۰	سو اب مزہ چکھو۔ ہم تم پر عذاب ہی بڑھاتے جائیں گے۔
۳۱	بیشک پرہیزگاروں کے لئے کامیابی کا گھر ہے۔
۳۲	یعنی باغ اور انگور۔

۳۳	اور ہم عمر بھرپور جوان عورتیں۔
۳۴	اور شراب کے چھلکتے ہوئے جام۔
۳۵	وہاں نہ وہ بیہودہ بات سنیں گے نہ جھٹلانے کی باتیں۔
۳۶	اے نبی ﷺ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے صلہ ہو گا جو حساب کے مطابق انعام ہو گا۔
۳۷	وہ پروردگار کہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں اور جو ان دونوں کے درمیان ہے سب کا مالک ہے بڑا مہربان ہے کسی کو اس سے بات کرنے کا یارا نہ ہو گا۔
۳۸	جس دن جبریل امین اور دوسرے فرشتے صف باندھ کر کھڑے ہوں گے تو کوئی بول نہ سکے گا۔ مگر جسکو رحمن اجازت بخشے اور وہ بات بھی درست ہی کہے۔
۳۹	یہ دن برحق ہے۔ پس جو شخص چاہے اپنے پروردگار کے پاس ٹھکانہ بنا لے۔
۴۰	ہم نے تمکو عذاب سے جو عنقریب آنے والا ہے آگاہ کر دیا ہے جس دن ہر شخص ان اعمال کو جو اس نے آگے بھیجے ہوں گے دیکھ لے گا اور کافر کہے گا کہ اے کاش میں مٹی ہوتا۔